## ایم کیوایم یوکے کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں برطانیہ کے شہر نارتھمپٹن میں اجتماع کا انعقاد

## پاکستانی کمیونٹی کے عہدیداروں، کشمیریوں اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کی بڑی تعداد میں شرکت

## ایم کیوایم چاہتی ہے تمام نسلی ولسانی اکائیوں اور مذہبی اقلیتوں کو مساوی حقوق حاصل ہوں۔ محمد اشفاق

## الطاف حسین نے خود الیکشن لڑنے کے بجائے کارکنوں کو ایوانوں میں بھیج کر موروثی کلچر میں نئی روایت کو جنم دیا۔ مصطفیٰ عزیز آبادی

## نارتھمپٹن کی پاکستانی کمیونٹی محروم عوام کے حقوق کی جدوجہد میں ایم کیوایم کے ساتھ ہے۔ چوہدری فیض حمید فیضی، صدر پاکستان کلچرل فورم

نارتھمپٹن۔۔۔21 مارچ2010ء

ایم کیوایم یوکے (UK) کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں برطانیہ کے شہر نارتھمپٹن میں ایک اجتماع منعقد کیا گیا جس میں پاکستانی کمیونٹی کے عہدیداروں، کشمیریوں اور پاکستان کی مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں ایسے منصفانہ نظام کے قیام کیلئے جدوجہد کررہی ہے جس میں تمام نسلی ولسانی اکائیوں اور مذہبی اقلیتوں کو کسی امتیاز کے بغیر برابر کے حقوق حاصل ہوں اور تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم الیکشن کے موقع پر پارٹی ٹکٹ فروخت نہیں کرتی بلکہ تحریک کیلئے قربانیاں دینے والے کارکنوں کو ہی ٹکٹ دیتی ہے، کارکنوں کو جس قدر عزت واحترام ایم کیوایم میں حاصل ہے اتنا کسی اور جماعت میں نہیں۔ محمد اشفاق نے کہا کہ ایم کیوایم کو کچلنے کیلئے ماضی میں بہت ریاستی مظالم ڈھائے گئے لیکن تمام تر ریاستی مظالم، سازشوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجود ایم کیوایم کو ختم نہیں کیا جاسکا اور ایم کیوایم دن بدن مضبوط سے مضبوط تر ہورہی ہے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ عزیز آبادی نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے آج تک نہ تو خود الیکشن لڑا اور نہ ہی اپنے خاندان کے کسی فرد کو الیکشن لڑایا بلکہ تحریک کے کارکنوں کو ہی ایوانوں میں بھیج کر پاکستان میں جاری موروثی وخاندانی سیاسی کلچر میں ایک نئی روایت کو جنم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام میں کوئی غریب اور مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والا نوجوان الیکشن لڑنے اور ایوانوں کا ممبر بننے کا تصور نہیں کرسکتا لیکن ایم کیوایم نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ کے نوجوانوں کو اسمبلیوں میں بھیج کر ناممکن کو ممکن کردکھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام نظاموں کو آزمایا جاچکا ہے مگر اب مڈل کلاس آرڈر ہی ملک کی بقاء، ترقی اور محروم عوام کی خوشحالی کی ضمانت دے سکتا ہے۔ پاکستان کلچرل فورم نارتھمپٹن کے صدر چوہدری فیض حمید فیضی نے پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے ایم کیوایم کے رہنماؤں کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان سے موروثی نظام کے خاتمہ اور تمام قومیتوں کے محروم طبقہ کے حقوق کیلئے جس طرح جدوجہد کررہی ہے وہ ایک مثال ہے اور نارتھمپٹن کی پاکستانی کمیونٹی محروم عوام کے حقوق کی جدوجہد میں ایم کیوایم کے ساتھ ہے۔ ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے اجتماع سے اپنے خطاب میں ایم کیوایم کی عوامی رابطہ مہم کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی اور نارتھمپٹن میں آباد پاکستانیوں کو ایم کیوایم میں شمولیت کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ آج برطانیہ کے چھوٹے بڑے شہروں میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام کی سچائی کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔ اجتماع سے انجمن حضرت غلامان عباسؓ کے جنرل سیکریٹری ناصر عباس اور پاکستانی کمیونٹی کے نمائندوں اسلم روشن ایڈوکیٹ اور خلیل احمد نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر نارتھمپٹن میں آباد پاکستانی نوجوانوں اور بزرگوں کی بڑی تعداد نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی اور تحریک کی رکنیت کے فارم حاصل کئے۔

## پنجاب کے زمیندار اور بااثر افراد اپنے آپ کو قانون سے ماورا تصور کررہے ہیں، افتخار اکبر رندھاوا، ڈاکٹر علی حسین

## میاں چنو، تلمبہ میں زمیندار کے حکم پر خاتون سے اجتماعی زیادتی اور اغواء کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لاہور۔۔۔21، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے میاں چنو، تلمبہ کے چک 19 آٹھ بی آر میاں چنوں میں پسند کی شادی کا بدلہ لینے کی غرض سے زمیندار کے حکم پر درجن بھر نوجوانوں کی عائشہ نامی خاتون سے اجتماعی زیادتی اور اغواء کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ملک کے منتخب ایوانوں میں خواتین کے تحفظ کے قانونی بل منظور ہوچکے ہیں لیکن اس کے باوجود ملک بھر بالخصوص پنجاب میں خواتین سمیت مظلوم عوام کے ساتھ زیادتی اور ناانصافیوں کے افسوسناک واقعات کا رونما ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ نام نہاد زمیندار اپنے آپ کو آئین وقانون سے ماورا تصور کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مزید کہا کہ ایم کیوایم مظلوموں کی جماعت ہے اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں مظلوم خواتین اور مظلوم عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں اور

زیادتیوں کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی اور انہیں ہرگز تنہا نہیں چھوڑے گی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام ناانصافیوں اور زیادتیوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں اور اس ضمن میں متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرستانہ تحریک کا ساتھ دیں، ایم کیو ایم نام نہاد جاگیرداروں، زمینداروں اور بااثر افراد کی چودھراہٹ ختم کرکے غریب عوام کو انصاف کی فراہمی کے دروازے کھولے گی اور انہیں ان کا جائز مقام اور حق دلا کر دم لے گی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ میاں چنو، تلمبہ میں زمیندار کے حکم پر خاتون سے اجتماعی زیادتی کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اسے فی الفور بازیاب کرایا جائے اور پنجاب بھر میں حوا کی بیٹیوں کے ساتھ ہونے والے ظلم وستم کے خلاف مئوثر اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## زیریں سندھ کو جرائم سے پاک کیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

## اغواء برائے تاوان اور ڈکیتیوں کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

کراچی۔۔۔21، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے زیریں سندھ میں اغواء برائے تاوان، ڈکیتیوں کی وارداتوں اور دیگر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ زیریں سندھ کے عوام کو ڈاکوؤں اور سماج دشمن عناصر سے فی الفور تحفظ فراہم کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ زیریں سندھ کے متعدد علاقے جرائم کی وارداتوں کے باعث نوگو ایریا بن گئے اور عام آدمی کی جان و مال تک محفوظ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ زیریں سندھ میں مسلسل جرائم کی وارداتوں اور اس میں اضافہ سے عوام میں خوف و ہراس پایا جارہا ہے تاہم اس سلسلے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کوئی ٹھوس اور مثبت اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں جس کے باعث جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے بلند ہیں۔انہوں نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق بعض بااثر افراد جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کررہے ہیں اور انہیں تحفظ فراہم کررہے ہیں عوام کی جان و مال سے کھلے عام کھیل رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ زیریں سندھ میں جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، عوام کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے اور جرائم پیشہ عناصر اور بااثر افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرکے زیریں سندھ کو جرائم سے پاک کیا جائے۔

## گھوٹکی میں 7 سالہ بچے پر کتے چھوڑنے کا واقعہ وڈیرانہ ذہنیت کی کھلی عکاسی کرتا ہے، حق پرست خواتین ارکان صوبائی اسمبلی

## واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ملوث عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لاکر متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے

کراچی۔۔۔21، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حق پرست خواتین ارکان صوبائی اسمبلی نے گھوٹکی میں زمین کے تنازع پر وڈیروں کی جانب سے 7 سالہ بچے پر کتے چھوڑنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ مظلوم عوام کے ساتھ اندرون سندھ میں وڈیروں کی جانب سے کی جانے والی ناانصافیوں کا فی الفور خاتمہ کیا جائے اور قانون کے تحت تحفظ کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گھوٹکی میں 7 سالہ بچے پر کتے چھوڑنے کا افسوسناک واقعہ وڈیرانہ ذہنیت کی کھلی عکاسی کرتا ہے اور اس سفاکانہ واقعہ میں ملوث وڈیروں کو قانون کی گرفت میں لاکر متاثرہ بچے اور اس کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی سے ہی معاشرے سے برائیوں کا خاتمہ ممکن کیا جاسکتا ہے۔حق پرست خواتین ارکان صوبائی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گھوٹکی میں 7 سالہ بچے پر کتے چھوڑنے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کیخلاف سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## جیکب آباد میں پولیس اہلکاروں کا سبزی فروش پر وحشیانہ تشدد کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی
## سفاک پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر کے سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لاکر انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا جائے

کراچی۔۔۔21، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مقامی چینل پر جاری کردہ فوٹیج میں جیکب آباد میں بھتہ نہ دینے کی پاداش میں پولیس اہلکاروں کی جانب سے سبزی فروش کو سر عام بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کیلئے مثبت پولیس ریفارمز لائی جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب میں شہری کو سرعام چھترول کی فوٹیج منظر عام پر آنے کے بعد اب اندرون سندھ کے شہر جیکب آباد میں پولیس اہلکاروں کی جانب سے سبزی فروش کو بھتہ نہ دینے کی پاداش میں سرعام وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کا واقعہ ملک بھر کے انصاف پسند عوام کیلئے باعث تشویش ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ جیکب آباد میں سبزی فروش پر پولیس اہلکاروں کے بہیمانہ تشدد کا سختی سے نوٹس لیا جائے، متاثرہ سبزی فروش کی ہر ممکن معاونت کی جائے اور سفاک پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر کے سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لاکر انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا جائے۔

## جمہوری دور میں کراچی پہ عسکری یلغار جمہوریت پر بزدلانہ حملہ تھا
## طالبان کو جمہوری کے دور حکومت میں منظم کیا گیا، ڈاکٹر افتخار حسین بخاری

لاہور۔۔۔21، مارچ، 2010ء

ایم کیوایم کے لاہور زون کے سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے الحمراء ہال لاہور میں ایک کتاب کی تقریب رونمائی سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جب شخصیات کی تاریخ کو رقم کیا جائے تو مصنفین پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ سکے کے دونوں رخ سامنے لائیں، ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے اس موقع پر کہا کہ عسکری طاقتوں اور جمہوری حکومت کی مدد و تعاون سے کراچی پر عسکری یلغار اور نہتے عوام کا قتل درحقیقت جمہوریت پر ایک بزدلانہ حملہ تھا اور اگر اس وقت قائد تحریک جناب الطاف حسین حکمت عملی سے کام نہ لیتے تو پاکستان کی سلامیت داؤ پر لگ جاتی، انہوں نے کہا کہ ایسے ہر موقع پر ایم کیوایم نے پاکستان کو بچانے کے لئے ہر ممکن قربانی دی ہے اور آئندہ بھی استحکام پاکستان اور ملکی سلامیت کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اس تقریب کے موقع پر ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے کہا کہ طالبان کو عوامی جمہوری کے دور حکومت میں منظم اور ڈیزائن کر کے کابل پر یلغار کی گئی تھی اس یلغار کے نتائج آج تک سارا ملک بھگت رہا ہے انہوں نے کہا کہ ان پہلوؤں کا ذکر بھی کتاب لکھتے وقت کر لیا جاتا تو تاریخی حقائق زیادہ کھل کر سامنے آجاتے۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر شعبہ خواتین کی سنیئر رکن سیدہ منور جہاں رضوی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس
## سیدہ منور جہاں کو بعد نماز ظہر وادی حسین قبرستان سپر ہائی وے پر سپرد خاک کر دیا گیا

لندن۔۔۔21، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر شعبہ خواتین کی سینئر رکن سیدہ منور جہاں رضوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی سیدہ منور جہاں کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔ مزید براں مرحومہ کو بعد نماز ظہر وادی حسین قبرستان سپر ہائی وے پر سپرد خاک کر دیا گیا، مرحومہ کی نماز جنازہ شہید کربلا انچولی میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر علی حسین، حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، اراکین اسمبلی شیخ صلاح الدین، انور عالم، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج و رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ اور رکن سندھ اسمبلی آنسہ بلقیس مختار نے شعبہ خواتین کی ذمہ داران کے ہمراہ مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ مرحومہ کا سوئم 22 مارچ بروز پیر شام 4 بجے بوتراب امام بارگاہ عزیز آباد میں ہوگا جس میں مرحوم کی

روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی اورخصوصی دعائیں کی جائیں گی۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی منہ بولی ماں محترمہ آل فاطمہ کا چہلم

لندن۔۔۔21،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ کی والدہ آل فاطمہ کا چہلم اتوارکو مسجد وامام بارگاہ رضویہ سوسائٹی ناظم آباد میں سہ پہر 3 بجے ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ومجلس منعقد ہوئی اور سوزخوانی کی گئی۔چہلم میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن آنسہ ممتاز انوار،حق پرست اراکین اسمبلی،نائن زیرو کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان ، سابق علاقائی ٹاؤن ناظم ، نائب ٹاؤن ناظم ، یوسی ناظمین ، نائب یوسی ناظمین ، کونسلرز ، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان ،ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون اور توصیف خانزادہ نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے بلند درجات کیلئے دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆